پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس پر اللہ نے اپنا کلام نازل فرمایا جو اول تا آخر علوم کا خزانہ ہے۔ یہ کلام الٰہی ہے نہ کہ کتاب، اس کے ایک ایک حرف میں علم کے خزانے بھرے ہوئے ہیں۔ آپ سے پہلے بعض انبیاء ورسل پر کتابیں اور صحیفے اترے مگر وہ کلام نہیں تھے بلکہ کتب کہا گیا۔ تورات، زبور وانجیل کو کتب کہا گیا، مگر یہ پیغمبر اعظمؐ کی خصوصیت ہے کہ قرآن کریم کو کتاب کے بجائے ''کلام اللہ'' کہا گیا جس کا مطلب ہے کہ یہ اللہ کے اندر سے نکل کر آیا یعنی قرآن کریم ایک کتاب نہیں بلکہ اللہ کی صفت ہے جو عربی مبین ہے، لہٰذا اس کے ایک ایک حرف میں علم کے خزانے چھپے ہوئے ہیں، اسی لئے قرآن کریم کے معانی ومطالب ہر کوئی بیان نہیں کرسکتا بلکہ اس کے مطالب و معانی کا ادراک صرف پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہی کرسکتے ہیں۔ اس لئے حدیث کی روشنی کے بغیر کوئی اس کی گہرائیوں تک نہیں پہنچ سکتا، کیوں کہ علم اترتا ہی ہے نبی کی عقل پر اور شریعت اترتی ہے نبی کی طبیعت پر لہٰذا جب عقل کامل ہوگی تو اپنی ہی طبیعت سلیم ہوگی، چنانچہ دیکھئے ایک بار حضور اکرمؐ اونٹ پر تشریف لے جارہے تھے اور اونٹ کی مہار ایک صحابی (غالباً حضرت جابرؓ) کے ہاتھ میں تھی، اسی دوران آپ پر وحی نازل ہونی شروع ہوئی تو حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ اچانک میں نے محسوس کیا کہ میرا جسم چور چور ہورہا ہے تو طبیعت کاملہ ہی وحی کے بوجھ کو سہار سکتی ہے۔

بہرحال قرآن عربی مبین ہے اور یہی قرآن کریم کی زبان ہے اور اسی زبان میں قرآن پاک کا تکلم ہوا۔ اسی زبان کے سلسلہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "**أحبوا العرب لثلاث؛ لأني عربي، والقرآن عربي وكلام أهل الجنة عربي**" ہمارے مدارس میں عربی زبان کی کتابیں ہی پڑھائی جاتی ہیں (لیکن ذریعۂ تعلیم چوں کہ اردو ہے اس لئے ہم اور ہمارے فضلاء عربی بول چال سے نابلد رہتے ہیں، اس کی تلافی کی کوشش ہو تو بہت بہتر ہوگا) بڑی مسرت کا مقام ہے کہ دارالعلوم وقف دیوبند نے اس ضرورت کا احساس کیا اور حجۃ الاسلام اکیڈمی کے نام سے ایک تحقیقی اکیڈمی قائم کی، بحث وتحقیق درحقیقت علم وفن کی جان ہے اور دنیا کی حیرت انگیز ترقیوں کا سرچشمہ ہے اسلئے یہ کوشش قابل تحسین اور لائق تقلید ہے، اکیڈمی کے ماتحت عربی زبان میں مجلّہ محکمہ وحدۃ الامہ بھی شائع کیا جارہا ہے۔ ماشاء اللہ عزیز القدر شکیب میاں سلمہٗ و اطال عمرہٗ وعلمہٗ نے اس نیک اور خوش آئند اور مبارک کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ حق تعالیٰ اس کو قبولیت عام عطا فرمائے۔

اس اعلیٰ مقصد کا عزم کرنے پر عزیز سلمہٗ کی جتنی بھی حوصلہ افزائی کی جائے کم ہے۔ امید ہے یہ سلسلۂ خیر مسلسل جاری رہے گا۔

محمد اسلم القاسمی

صدر المدرسین وناظم تعلیمات دارالعلوم وقف دیوبند

كلمة فضيلة الشيخ محمد سفيان القاسمي حفظه الله

نائب رئيس الجامعة

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد المرسلين محمد بن عبدالله الأمين وعلى آله وصحبه أجمعين وبعد!

فإن العصر الحاضر وما يحدث فيه باستمرار من ثورات وتقلبات يفرض علينا أن نتسلح بالانفتاح العلمي والإطلاع الواسع على المحاولات العلمية العالمية في مختلف المجالات.

فإن الثقافات المعاصرة تستغل وسائل الإعلام الحديثة في صالح نشرها وتوسيع نطاقها، مجتمعة على محاولات إلغاء الثقافة الإسلامية النزيهة، ودفعها إلى بؤرة الحضيض، ولكن الحق مازال مرفوع الرأس عالي القامة فإن "الإسلام يعلو ولا يعلى". (الحديث)

ودفاعاً عن ذمار الشريعة يجب علينا أن نطلع على الحركات المعاصرة الهدامة وآرائها وأهدافها ومناهجها ومدى تأثيرها في عقلية الإنسان المعاصر، فإن النظام الغربي وثقافته يحمل خلفية تاريخية وأسسا عقدية، ومنهجاً عملياً موسعاً، فالرد على هذه الآراء المزيفة، القائم على أسس متينة يأتي ضمن المواضيع المفضلة التي لابد من التطرق إليها.

وتحقيقا لهذه الأهداف أسس في الجامعة الإسلامية دارالعلوم وقف ديوبند "مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق" ليعمل المجمع على تخريج رجال يواجهون مشاكل العصر بقلوب مؤمنة لاتعرف الوهن وعزائم صادقة لاتعرف الفتور، ويجمعون – باتزان– بين الإطلاع الواسع العميق على العلوم الإسلامية والفرق الإسلامية ومعتقداتها ونشأتها وتاريخها وبين الإلمام اللائق بالمذاهب المعاصرة غير الإسلامية والحركات الفكرية العالمية ومبادئها وتاريخها.

وليس هذا التوسع في العلم والفكر بدعاً؛ بل هذا ماتميز به سلفنا على مدار التاريخ، أذكر كيف أن الفلسفة اليونانية إذا انتشرت في المجتمع الإسلامي وأثرت سلبيا في عقول العامة فيما يتعلق بالمعتقدات الإسلامية، قام سلفنا في كل زمان كأمثال الشيخ الإمام أبي الحسن الأشعري، والإمام أبي منصور الماتريدي، والإمام الغزالي، والإمام ابن رشد، والإمام ابن تيمية، والإمام شاه ولي الله، والإمام حجة الإسلام محمد قاسم النانوتوي مؤسس الجامعة الإسلامية/ دارالعلوم ديوبند–رحمهم الله– قاموا بإتقان الفلسفة؛ بل تبحروا فيها ثم قمعوا الحجة بالحجة، وفندوا شطحات فلسفية، وتركوا الثقافة والمعتقدات الإسلامية براقة لامعة، وذلك في عصر كان يظن –ولاقدرالله– أن الفلسفة اليونانية لعلها تبتلع الثقافة الإسلامية.

إن من الأهداف الرئيسة التي يرمي المجمع إلى تحقيقها هو خلق الجو العلمي والبحثي في الشباب المسلم معتمداً على الكتاب والسنة وعلوم السلف؛ فان الجدة وحدها لا تنفع مالم تستند إلى أسس علمية قوية، فإن هناك كثيرا من المتنورين العقلانيين الذين لهثوا وراء الجدة والطرافة، وأسسوا عليها آرائهم لكن بعد قليل ذهبت مجهوداتهم سدى.

إن المآثر العلمية التي كتب الله لها الخلود والبقاء هي المآثر التي تستند إلى الكتاب والسنة وتستنير بعلوم السلف الصالحين، إن هذه المآثر نافعة جدا في كل عصر ومصر.

إن مجمع حجة الاسلام تؤكد على الباحثين الاضطلاع بالمآثر العلمية لعلماء ديوبند بصفة عامة وللإمام النانوتوي بصفة خاصة، فإن هذه المآثر–لما فيها من سعة العلم وغزارة المعلومات وحلول ناجحة مفيدة لمشاكل الأمة وشرح مبادئ الإسلام–

تمثل أضواء على الطريق لكل عالم وباحث في هذا العصر كما أن المجمع يعتزم إصدار مجلة عربية محكمة، وذلك انطلاقا من ضرورة الارتباط الثقافي والتواصل الاجتماعي مع الباحثين والعلماء في العالم كله، فإنه أصبح من ضرورة الوقت في هذا العصر العولمي التوصل عبر وسائل الإعلام الحديثة التكنولوجية إلى الأوساط العلمية المعتدلة، وتبادل العلم والآراء، ولايخفى على الأوساط العلمية ماتحمل المجلة المحكمة العلمية من أهمية ومكانة على الصعيد العالمي.

وإن مجلة الدراسات الإسلامية العربية الصادرة من جمهورية باكستان الإسلامية مجلة محكمة عربية وحيدة تصدر من مجموع شبه القارة الهندية على حد ما نعلم، ونأمل أن تكون "وحدة الأمة" مجلة عربية ثانية في شبه القارة الهندية من هذه الناحية، تعتز الجامعة الإسلامية دارالعلوم وقف ديوبند بهذه المبادرة العلمية الفريدة، وأرى هنا من اللازم أن أتوجه بجزيل الشكر والامتنان إلى الشاب الفاضل محمد شكيب القاسمي أستاذ الجامعة ومدير المجمع ورئيس تحرير المجلة ورفقائه الذين عملوا على تحقيق ماحلمت به الجامعة منذ سنوات.

ولايمكن أن ننسى جهود بركة العصر الشيخ محمد سالم القاسمي حفظه الله رئيس الجامعة، ودعواته المخلصة الليلية التي يسرت لنا السبيل، ورسمت لنا المنهج القويم، جزاه الله سبحانه جميع العاملين في المجمع والمجلة خير الجزاء، وجعلهما خالصين لوجهه الكريم ونافعين للأمة. آمين!

محمد سفيان قاسمى

نائب مهتمم دارالعلوم وقف ديوبند

پیغام حضرت مولانا محمد سفیان القاسمی حفظہ اللہ

نائب مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند

عہد حاضر معلومات کی وسعت اس کے اجزائے ترکیبی سے باخبر اور حالاتِ حاضرہ کے ادراک کا دور ہے۔ معاصر تہذیبیں اپنے باطل افکار ونظریات کو اسلام کے مدمقابل جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعہ دلکش ودل آویز انداز میں پیش کرکے اسلام کے آفاقی پیغام علم وعمل کو بے اثر ثابت کرنے کی مذموم کوششوں میں عالمی پیمانے پر اپنی توانائیاں صرف کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ مگر حقیقت بہرکیف یہی ہے کہ "الإسلام یعلو ولا یعلی" لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ معارضین کے افکار ونظریات کے پس پردہ مذموم مقاصد، اس کی ماہیت، طریقۂ کار اور دائرۂ عمل سے ہمیں شناسائی حاصل ہونی چاہئے، کیوں کہ مغربی فلسفۂ نظام اور ثقافت واقدار کا ایک تاریخی پس منظر ہے، اس کی اعتقادی بنیادیں ہیں، اس کا ایک عملی کردار اور وسیع دائرۂ اثر ہے۔ ٹھوس اور مدلل علمی بنیادوں پر ان نظریات وافکار کا ابطال دور حاضر کا ایک اہم ترین ترجیحی موضوع ہے۔

انہی اغراض ومقاصد کے پیش نظر دارالعلوم وقف دیوبند میں "حجۃ الاسلام اکیڈمی" کا قیام عمل میں آیا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ دور حاضر کے درپیش چیلنجز کی جواب دہی کے لئے ایسے رجال کار تیار کئے جاسکیں جو ایک طرف اسلام کے ہمہ جہت علوم ومعارف سے مناسبت رکھتے ہوں تو دوسری جانب درپیش معاصر مذاہب، عالمی فکری تحریکات کی تاریخ واغراض اور اس کے نتائج واثرات کا بھرپور تعارف حاصل ہونے کے ساتھ مسلم امہ کا حصہ سمجھے جانے والے اعتقادی وفقہی مذاہب اور ان کے اصول وتاریخ سے بھی واقفیت روایتی نہج سے ہٹ کر ضروری معلومات سطحی اور نامکمل نہ ہوں بلکہ اصل ماخذ تک ذہنی وفکری رسائی ہو اور یہ کوئی اجنبی نہج نہیں ہے بلکہ ہمارے سامنے اسلاف کی روایت موجود ہے کہ جب ہمارے معاشرے میں یونانی فلسفہ نے فروغ حاصل کیا اور ہمارے عقائد کے نظام کو متاثر کرنا شروع کیا تو ہمارے اکابر مثلاً امام ابوالحسن اشعریؒ، ابومنصور ماتریدیؒ، امام غزالیؒ، ابن رشدؒ، ابن تیمیہؒ، حضرت شاہ ولی اللہؒ اور بانی دارالعلوم دیوبند حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ جیسے سلاطین علم وعمل نے نہ صرف یونانی فلسفہ کو سمجھا بلکہ برتری حاصل کرکے معارضین کے ہی اسلوب وبیان اور اصطلاحات میں یونانی فلسفہ کے پیدا کردہ اعتراضات وشبہات کے جوابات دے کر اسلامی عقائد کی حقانیت وبرتری ثابت کی، ورنہ ایک دور میں یونانی فلسفہ ہمارے عقائد کے نظام میں تموج کی سی کیفیت پیدا کرنے میں بظاہر کامیاب دکھائی دے رہا تھا۔

حجۃ الاسلام اکیڈمی کے قیام کی دوسری فکری اساس یہ ہے کہ امت مسلمہ میں تحقیق کے لئے اصولوں کی اساس پر اپنی تحقیق کی عمارت استوار کرے، جیسا کہ ہر دور کے جدّت پسندوں نے عموماً اسی طرز تحقیق کو اختیار کیا اور ان کی اکثر وبیشتر تحقیقات قصۂ پارینہ بن کر رہ گئیں۔ تاریخ کے اوراق میں صرف ان کا تذکرہ ملتا ہے جبکہ اس کے برعکس اصول تحقیق کی تعیین کا دوسرا متعارف طریقہ اپنے معتمد علیہ اہل تحقیق اکابر کے فراہم کردہ تحقیقی اصولوں پر اعتماد وانحصار کا ہے، جس کو ہر دور کے قدامت پسندوں نے اپنایا اور ان کی تحقیقات کے نتائج تواتر اور تسلسل کے ساتھ ہمارے سامنے آئے ہیں اور آج بھی مدار تحقیق کے طور پر بحمداللہ محفوظ ہیں، چنانچہ حجۃ الاسلام اکیڈمی نے اپنے محققین کیلئے طرز ثانی کو اختیار کرتے ہوئے اکابرین دیوبند کے علوم سے بالعموم اور حضرت نانوتویؒ کے آفاقی علوم سے بالخصوص مربوط کردیا ہے جو کہ آج بھی راست فکر محققین کے لئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

عالمی سطح پر علمی وفکری ارتباط کی ناگزیر ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے حجۃ الاسلام اکیڈمی کی جانب سے ایک اہم ترین عربی مجلّہ محکّمہ "**وحدة الامة**" کے اجراء کا فیصلہ کیا ہے۔ آج کے گلوبلائزیشن کے دور میں جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعہ عالمی سطح پر سنجیدہ اور علمی طبقات تک فکری رسائی کے ساتھ ساتھ پرنٹ میڈیا کے ذریعہ علمی حلقوں میں

علوم وافکار کا تبادلہ وقت کی ایک اہم ترین ضرورت کا تقاضہ ہے۔ عالمی سطح پر "مجلّہ محکّمہ" کی علمی اہمیت اور اس کی افادیت علمی حلقوں میں غیر متعارف نہیں ہے۔ برصغیر پاکستان سے شائع ہونے والے "الدراسات الاسلامیه" کے بعد عربی زبان میں یہ دوسرا مجلّہ محکمہ ہے، جس کا اعزاز بحمداللہ وبفضلہٖ دارالعلوم وقف دیوبند کو حاصل ہوا ہے۔

یقیناً ناسپاسی ہوگی اگر اس لائق استحسان اقدام کے محرک دارالعلوم وقف دیوبند میں استاذ وحجۃ الاسلام اکیڈمی کے ڈائریکٹر جناب مولانا محمد شکیب قاسمی صاحب، رئیس التحریر "**وحدة الامة**" اور ان کے جملہ شریک کار معاونین کو ہدیہ تشکر نہ پیش کیا جائے، عالم اسباب میں جن کی شبانہ روز محنتوں اور عالم تکوینات میں خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب دامت برکاتہم مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند کی مستجاب دعوات نیم شب اس عہد ساز منصوبہ کو منصۂ شہود پر لانے کا باعث بنی ہیں۔

حق تعالیٰ جملہ شرکاء عمل کو دارین میں جزاء خیر اور اس عمل خیر کو مسلم امہ کے حق میں نافع بنائے۔ آمین یارب العالمین

محمد سفیان القاسمی

نائب مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند

كلمة فضيلة الشيخ السيد أحمد خضرشاه الكشميري

شيخ الحديث بالجامعة

إن أهمية البحث والتحقيق ظلت معترفاً بها في كل عصر ومصر، وفي كل مذهب وجماعة وفي كل علم وفن.

تأمل في القرآن تجد باب البحث مفتوحاً على مصراعيه، فما جاء في قصة موسى مع قومه من الأمر الموسوي بذبح البقرة نابع عن هذا المبدأ، وقول الله –تعالى– «وشهد شاهد من أهلها» في قصة يوسف يدل على ذلك وهكذا تتكاثر النصوص القرآنية التي تشير إلى أهمية البحث .

أما قول الله –تعالى– «يأيها الذين آمنوا إن جاءكم فاسق »الخ فهو يمثل أصلاً كلياً في هذا الباب، وحياة النبي ﷺ مليئة بالقصص التي حاول النبي ﷺ فيها جهده للتوصل إلى نتائج صحيحة، أوَلاتدل أحاديث اللعان والشهادات على هذا الأصل الهام؟ أولا يصنف القول النبوي الشريف: "كفى بالمرء كذبا أن يحدث بكل ما سمع" أمر الإبلاغ والتعبير، بالغ الخطورة، سرح طرفك في بطون الكتب الفقهية تجد فيها من هذه الناحية ما يغنيك عن الزيادة، فالأبواب الفقهية المهمة،كأمثال أبواب القضاء وأبواب الشهادات وأبواب اللعان ورؤية الهلال تدور رحاها حول هذا المنطلق الرئيس، من المعلوم لدى الجميع أن "فن الجرح والتعديل" و"فن أسماء الرجال" الذين ابتكرهما المبدعون من المحدثين مدينان في نشأتهما وتطورهما إلى هذا الأصل المدعو بضرورة البحث والتحقيق مما يؤكد مدى ضرورة هذا الموضوع واعتناء الأمة به على مدار التاريخ، وكيف لا؟ فإن الإنسان عجنت طينته بهذه المادة.

إن هذا العصر الذي نعيشه يعد حقاً عصر البحث والتحقيق، فالبحوث مستمرة، والاكتشافات موصولة، ووسائل العلم كثيرة ومتطورة، وآلات البحث متسعة، المبدعون يواصلون جهودهم، فتشيد بهم الدنيا، وترفعهم فوق رؤوسها، وبفضل هذه الجهود الاكتشافية البحثية المستمرة، تسعد أنظارنا كل يوم برؤية كتاب جديد ولطيف في كل موضوع إلا أن هذا الفن لطيف ودقيق، لا يخضع لكل من هب ودب؛ بل يتطلب همة عالية لا تعرف السآمة والملل وعزيمة صادقة لا تعلم الفتور والكلل.

وفي الحقيقة أن هذا العبأ الثقيل لا يحسن حمله ولا يفي بحقه إلا المجامع والأكاديميات الموثوق بها، وشكرا لله –تعالى– على أنه– سبحانه–وفق الجامعة الشهيرة» الجامعة الإسلامية/ دارالعلوم وقف ديوبند لقيادة حركة البحث في هذا الديار، فأسست مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق انتماء إلى الإمام محمد قاسم النانوتوي الذي كانت حياته رمز البحث والتحقيق والغربلة والتنقيب، فقد كان–رحمه الله–غزير العلم واسع الإطلاع وباحثاً بعيد الغور، وقد علمته الدنيا –إلى جانب ذلك–كمناظر ذرب اللسان قوي الجدل تذوب أمامه دلائل الخصوم كالملح، وغني عن الوصف أن نصب رأية الفتح والانتصار في صحراء المناظرة الفيهق لا يتسنى إلا لمن كثر علمه وفصح لسانه وبعُد غوره كأمثال الإمام النانوتوي رحمه الله، وسر عزيمة الإمام وانتصاراته المتوالية مكمون في ذلك.

مما يثلج صدري أن المجمع لم تمض على إنشائه إلا شهور، وحقق خلال هذا الفترة القصيرة من النجاح ما يدعو إلى السرور والتفاؤل.

فإن المجمع قام بإنشاء قسم خاص للبحث، يعمل في إعداد الباحثين وتدريب الطلبة في مجال البحث، وتقدم خطوة، فأزمع إصدار مجلة عربية محكمة"وحدة الأمة".

والفضل في ذلك يرجع إلى الشاب الفاضل الواعي، سليل العلم والكرم والأدب، بهاء أسرة الإمام النانوتوي "محمد شكيب القاسمي" فإن هذا الخطوات العلمية الشجاعة تدل على ما يتمتع به من مواهب فذة وقد ينطبق عليه ما قاله الشاعر المعروف: جبران خليل جبران:

حبيب نحا نحو العلى وهو يافع ... ولم يثنه أن كان مسلكها وعراً

فأقدم إقدام الذي راض نفسه ... على الصعب واعتد الشجاعة والصبرا

وإني آمل بل أثق بأن هذه المجلة تمثل أضواء على الطريق للباحثين وحافزاً لهممهم إلى البحث والتحقيق، وتسبب كذلك لمّ الشعث وتوحيد الصفوف.

مع أطيب التهاني

سيد أحمد خضرشاه

شيخ الحديث دارالعلوم وقف ديوبند

المقررات الدراسية

تعليمی نظام

Course Outline

مجمع حجة الإسلام

للبحث والتحقيق

Ḥujjat al-Islām Academy

(an academic research organ)

پیغام حضرت مولانا سید احمد خضر شاہ مسعودی کشمیری حفظہ اللہ

شیخ الحدیث دار العلوم وقف دیوبند

بحث وتحقیق کی اہمیت ہر دور میں، ہر طبقہ میں اور ہر بزم علم وفن میں تسلیم کی گئی، قرآن مقدس دیکھئے تو اس کا باب نہایت تاباں نظر آئے گا، قصۂ موسیٰ علیہ السلام ''ذبح بقرہ'' کا موسوی حکم اسی تحقیق کے پیش نظر ہے، ان سے اوپر جایئے تو قصۂ یوسف میں ''وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ اَهْلِهَا'' اسی تحقیق پر ناطق، ایک دو نہیں، متعدد واقعات اس کی لابدیت پر دال، قرآنی ارشاد: ''یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنْ جَآئَکُمْ فَاسِقٌ'' الخ تو بحث وتحقیق اور تفتیش وتمحیص کے موضوع پر اصل الاصول کی حیثیت رکھتی ہے۔ النبی الخاتم صلی اللہ علیٰ رسولہ وسلم کی پوری حیات مستعار درست فیصلہ تک رسائی کے لئے اسی بحث وتحقیق میں گذری، لعان اور شہادات سے متعلق احادیث کیا ہیں، اسی اہم نقطۂ نظر پر دلیل ہی تو ہیں، پھر آپ علیہ السلام کا فرمان بھی دیکھئے، اس کی جزرسی کو کس طرح اجاگر کرتا ہے: ''کفی بالمرء کذبا ان یحدث بکل ما سمع'' (انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے صرف اتنی بات کافی ہے کہ جو کچھ بھی اس کی سماعت سے ٹکرائے کسی جگہ فوراً اُگل دے) فقہ کی کتابیں کنگھالئے تو اس موضوع پر بھری دکھائی دیں گی، ابواب القضاء، ابواب الشہادات، ابواب اللعان اور ابواب رؤیت ہلال وغیرہ سب اسی تحقیق کے گرد ہی تو گھومتی ہیں، ائمہ حدیث کا جاری کردہ ''جرح وتعدیل'' کا باب اور ''فن اسماء الرجال'' کون نہیں جانتا کہ اسی ''تحقیق'' کے طفیل معرضِ وجود میں آیا، ان سے صاف ظاہر ہے کہ یہ موضوع کس حد تک قابل اعتناء رہا ہے اور کس درجہ لائق صد التفات اور کیوں نہ ہو۔ انسانی طبیعتیں اس مادہ کے ساتھ ہی تو پیدا ہوئی ہیں۔

آج کا زمانہ بحث وتحقیق میں قابل قدر خدمات انجام دے رہا ہے، روز نئی تحقیقات، ہر دن نئے انکشافات، ذرائع علم پھیل گئے، وسائل نظر کثیر ہو گئے، اہل ہنر آرہے ہیں اور اپنا کمال دکھا کر دادِ تحسین وصول کر رہے ہیں، اسی کا کرشمہ ہے اور حیرت ناک ثمرہ کہ ہر آنے والا دن ایک نئی محقق کتاب ہمارے سامنے کر دیتا ہے، لیکن یہ ہنر بھی ہر شخص کی دسترس میں نہیں، اس فن کو سیکھنے کے لئے ہمتیں درکار ہیں اور با اعتماد ادارے کا قیام وجود بھی، خدا کا ہزار ہا شکر کہ ایشیاء کی عظیم درس گاہوں میں سے ایک دار العلوم وقف دیوبند نے اس کے لئے با قاعدہ تحریک چلائی اور ''حجۃ الاسلام اکیڈمی'' کے نام سے ایک ایسے ادارہ کی داغ بیل ڈالی جس کی ضرورت عرصہ سے محسوس کی جارہی تھی۔ حجۃ الاسلام حضرت الامام محمد قاسم النانوتویؒ بانی دار العلوم دیوبند خود ایک عظیم عالم ہونے کے ساتھ وسیع النظر ''محقق'' بھی تھے، پھر ان کا ''مناظر'' ہونا کون فراموش کر سکتا ہے، جاننے والے جانتے ہیں کہ مناظرہ کے طویل وعریض صحرا میں وہی اپنی کامرانی کے پھریرے اڑا سکتا ہے جس کا دامنِ علم وہنر تحقیق سے مالا مال ہو، حضرت نانوتویؒ کی پامردیوں اور فتوحات مستمرہ کا راز اسی وسعت نظر میں مضمر تھا۔

حجۃ الاسلام اکیڈمی ابھی چند ماہ قبل وجود میں آئی ہے لیکن اتنے قلیل عرصہ میں اس کی عقابی پرواز حیران کن ہی نہیں، باعث رشک بھی ہے، نوجوان فاضل اور خانوادۂ قاسمی کے ہونہار چشم وچراغ جناب مولانا محمد شکیب قاسمی کی اولوالعزمی وجدوجہد ہی ہے کہ اب اس کے تحت با قاعدہ تدریبی نصاب بھی چلایا جارہا ہے۔ یہ اکیڈمی ایک قدم اور آگے بڑھاتے ہوئے اب عربی زبان میں ''وحدۃ الامۃ'' کے نام سے ایک مجلّہ محکمہ جاری کرنے جارہی ہے۔ ظاہر ہے اس قلیل مدت میں یہ سنہرے اقدامات ''ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات'' کی روشن تعبیر ہی تو ہیں، اس کے ذمہ داروں کو داد نہ دیجئے تو اپنے سر پر بار گناہ کیوں رکھئے۔

امید ہی نہیں یقین ہے کہ یہ مجلّہ نہ صرف یہ کہ نوجوان فضلاء کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگا، اوران کے ذوق بحث وتحقیق کے لئے مہمیز بلکہ اسی کے پہلو بہ پہلو افتراق و تشتت کی شکار امت کی شیرازہ بندی کا بھی سبب بنے گا۔ خاکسار کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

سید احمد خضر شاہ
شیخ الحدیث دار العلوم وقف دیوبند

القسم	مجمع حجة الإسلام
البرنامج	تخصص في البحث والتحقيق
الفكر المركزي للمنهج الدراسي	إن مجمع حجة الإسلام يمثل حركة علمية وتحقيقية تعمل في مجال البحث والتحقيق معتمدا على الأساليب البحثية المتطورة، ومن هنا قرر المجمع في القسم التابع له المنهج الدراسي، الأكثر نفعاً وإفادةً، وبما أن التعرف على منهجية وأصول البحث العلمي التي حظيت بالاهتمام العالمي والقبول العام في الأوساط العلمية المعتبرة وكذلك التعرف على المآثر العلمية والفكرية للإمام الكبير محمد قاسم النانوتوي رحمه الله بصفته–الإمام النانوتوي رحمه الله–رجل دعوة وعقيدة وقائد الحركة التعليمية في الهند والممثل لمذهب أهل السنة والجماعة بالإضافة إلى الاطلاع على الحركات الإسلامية المعاصرة ومبادئها وأبرز شخصياتها ومدى تأثيرها– الإيجابي والسلبي– في عقول المسلمين في كل مكان من أهم ما يحتاجه الباحث اليوم، فقد جاء في هذا المنهج ما يغطي حاجة الطالب والباحث من هذه الناحية.
المواد الدراسية	• تدريس الكتابين للإمام النانوتوي: تحذير الناس وآب حيات (ماء الحياة)، وذلك لتقريب الطلبة إلى الفكر القاسمي الأصيل. • دراسة منهجية البحث والتحقيق ما بين التنظير والتطبيق. • تقديم البحوث العلمية حول المواضيع المختارة بهدف تعريف الطلبة بالحركات الإسلامية المعاصرة والمفكرين الأعلام، ومن البحوث التي تقرر تقديمها في هذه السنة ما يأتي: ١– علماء ديوبند واتجاههم الديني ومزاجهم المذهبي ٢– العقلانية ٣– اللبرالية ٤– الاستشراق والمستشرقون ٥– الشيوعية ٦– الإسلام والسياسة ٧– إسلامية المعرفة ٨– أعلام المفكرين في العالم الإسلامي ٩– علم الكلام نشأته ومذاهبه • تكليف الطلبة بإعداد البحثين حول الموضوع المحدد عبر السنة.

تصنيف المواد	تخصصية
المستوى الدراسي	١
عدد الساعات التدريسية	٦ ساعات في الأسبوع لكل مادة من المواد المذكورة
أساليب التعليم	محاضرات ومناقشات
أسماء المحاضرين	الأستاذ محمد غلام نبي القاسمي، الأستاذ محمد شكيب القاسمي، الأستاذ محمد نوشاد النوري، الأستاذ محمد شمشاد القاسمي، الأستاذ محمد حسنين أرشد القاسمي.
الفصل الدراسي	جميع الفصول
أهداف المواد	١. تقريب الطلبة إلى الفكر القاسمي الأصيل. ٢. تعريف الطلبة بالحركات الإسلامية المعاصرة والمفكرين الأعلام. ٣. التعرف على المناهج المعاصرة للبحث والتحقيق.
حصيلة التعلم	بعد الانتهاء من دراسة هذه المادة يكون الطالب قادراً على أن: ١. يتعرَّف على أفكار الإمام قاسم النانوتوي رحمه الله وأسلوب مصنفاته ومآثره العلمية. ٢. يجيد كتابة البحوث العلمية. ٣. يطلع على المعاني الحقيقية للحركات المعاصرة وأثراتها على أذهان المسلمين.

جمعۃ الاسلام اکیڈمی

جامعہ اسلامیہ دارالعلوم وقف دیوبند

تعلیمی نظام

شعبہ	جمعۃ الاسلام اکیڈمی
نوعیت	تخصص فی البحث والتحقیق
بنیادی نقطہ نظر	جمعۃ الاسلام اکیڈمی ایک تحقیقی شعبہ ہے اور بحث وریسرچ ہی اس کا بنیادی مقصد ہے، اس لئے اکیڈمی کے زیر نگرانی شعبہ تحقیق قائم کیا گیا، طلبہ کی فکری بالیدگی اور تحقیقی صلاحیت کی افزائش کے لئے ایک معتدل اور معیاری نصاب تیار کیا گیا، یہ نصاب تین بنیادی ضرورتوں کو سامنے رکھ کر تیار کیا گیا۔ - عالمی طور پر رائج اور متعارف انداز تحقیق کی حقیقت اور اس کی تفصیلات سے طلبہ کو آگاہ کرانا۔ - جمعۃ الاسلام حضرت نانوتوی کے علوم وافکار سے مناسبت پیدا کرنا۔ - جدید تحریکات اور مشہور اسلامی مفکرین کا تعارف ان کے اہداف ومقاصد، خدمات نیز مسلم ذہنوں پر ان کے مثبت اور منفی اثرات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ۔ یہ نصاب درج ذیل ہے:
تعلیمی مادے	فکر قاسمی سے مناسبت کے پیش نظر حجۃ الاسلام الامام محمد قاسم النانوتوی کی دو اہم کتابوں "تحذیر الناس" اور "آب حیات" کے دروس منہجیۃ بحث وتحقیق کی ایک بنیادی مادے کی حیثیت سے تعلیم وتدریب جدید تحریکات کے مثبت ومنفی اثرات اور عالم اسلام کے مشہور مفکرین کی خدمات سے طلبۂ مدارس اسلامیہ کو متعارف کرانے کے لئے مختلف منتخب موضوعات پر باقاعدہ علمی و تحقیقی محاضرات کا انعقاد **سال رواں درج ذیل موضوعات پر محاضرات کا انعقاد کیا جارہا ہے:** ۱ - علماء دیوبند کا دینی رخ اور مسلکی مزاج ۲ - عقلانیت ۳ - لبرالیت ۴ - استشراق اور مستشرقین ۵ - سوشلزم ۶ - اسلام اور سیاست ۷ - اسلامیۃ المعرفہ ۸ - عالم اسلام کے مشہور مفکرین ۹ - علم کلام: نشاۃ اور مسالک جدید اور مفید موضوعات پر سال میں دو تحقیقی مقالے (Dissertations) لکھوانا

مادوں کی نوعیت	تخصص
تعلیمی مراحل	۱
تعلیمی اوقات	مذکورہ بالا ہر مادہ کے لئے ہفتہ میں چھ گھنٹے
طرز تعلیم	محاضرات ومناقشات
محاضرین کے نام	مولانا غلام نبی قاسمی صاحب، مولانا محمد شکیب قاسمی صاحب، مولانا محمد نوشاد نوری صاحب قاسمی، مولانا محمد شمشاد قاسمی صاحب، مولانا محمد حسنین ارشد قاسمی صاحب
تعلیمی ایام	پورا سال
مادوں کے مقاصد	۱ - طلبہ کو فکر قاسمی سے قریب کرنا ۲ - طلبہ کو عصری اسلامی تحریکات اور مشہور مفکرین سے متعارف کرانا ۳ - بحث وتحقیق کے جدید عصری مناہج سے واقف کرانا **فوائد ونتائج** ان شاء اللہ طلبہ کو مذکورہ بالا مادوں کو پڑھ کر درج ذیل امور کی صلاحیت پیدا ہوگی ۱ - حجۃ الاسلام الامام محمد قاسم النانوتوی کے افکار وخیالات، ان کے طرز تصنیف اور ان کے علوم سے واقفیت حاصل ہوگی ۲ - تحقیقی مقالوں کو آسانی اور بخوبی لکھنے کا ملکہ پیدا ہوگا ۳ - عصری تحریکات اور مسلم ذہنوں پر ان کے اثرات سے واقفیت حاصل ہوگی۔

Hujjatul Islam Academy
Al-Jamia al-Islamia Darululoom waqf, Deoband

Course Outline

Department	Hujjatul Islam Academy
Program Type	Masters in General Studies
Main Theme	Hujjatul Islam Academy is an academic research organ When most of the students of Madaris were not aware of the rules and styles of writing which are commonly known in the universities, it was due on Darul Uloom Waqf Deoband to introduce those tips to its graduates who intend to do research on any subject. It was also a necessary step to be taken for the graduates of Darul Uloom Waqf Deoband to acquaint them with Hujjatul Islam Imam Muhammad Qasim Nanawtawi's legacy comprising of knowledge and Gnostic. The students must be aware of the new movements and their positive and negative effects on the minds of Muslims. Hujjatul Islam Academy has set up its educational and research system to accomplish the above mentioned needs and demands of time.
Course of Study	• Teaching books of Imam Qasim Al-Nanawtawi specially "Tahzeerun Naas" and "Aabe Hayaat" to make them conversant with the thoughts and ideas of Imam Qasim. • Hujjatul Islam Academy aims to introduce the research methodology to students. • To organize academic and research lectures on different subjects to introduce the world famous scholars and great thinkers to the students of Madaris along with the introduction to the new movements and their positive and negative impression on Muslims. E.g. The introduction and history of i. The Tack of Ulama e Deoband ii. Rationalism iii. Liberalism iv. Ilme Kalam v. Orientalism and Oreintalists vi. Socialism vii. Islam and Politics viii. Islamization of knowledge To prepare two dissertations per year on contemporary and important topics.

Status	Specialization
Level	1
Credit Hours	6 hours each subject
Teaching Methodology	Lectures & Discussions
Lecturers	Molana Ghulam Nabi Qasmi, Molana Mohammad Shakaib Qasmi, Molana Mohammad Naushad Noori, Molana Mohammad Shamshad Qasmi, Molana Hasnain Arshad Qasmi.
Objectives	To make them conversant with the thoughts and ideas of Imam Qasim. To introduce the research methodology to students. To introduce the world famous scholars and great thinkers to the students of Madaris along with the introduction to the new movements and their positive and negative impression on Muslims.
Learning Outcomes	In-Sha Allah, when they complete this program, the students would be eligible to the followings: 1. They would be very conversant with the ideology, thoughts and writing style of Hujjatul-Islam Imam Mohammad Qasim Nanawtawi. 2. They can prepare Research Papers comfortably. 3. They would be aware of the new movements and their positive and negative impacts on Muslims.

مجمع حجة الإســلام كما يراه الأعلام

أ. د. محي الدين العوامة، المدينة المنورة، المملكة السعودية العربية

إن شخصية الإمام محمد قاسم النانوتوي–رحمه الله– مؤسس الجامعة الإسلامية/ دار العلوم ديوبند شخصية عبقرية فذة، قلما يجود الزمان بأمثالها، تتوافر في شخصيته مواصفات المجدد العبقري النابغ، فخدماته في الدفاع عن الإسلام ومقاومة الغزو الفكري وقيادة حركة المدارس ومحو البدع وماإليها أشهر من أن يذكر، وبذلك استبشرنا بخير، عندما بلغنا نبأ إقامة مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق الذي يرمي إلى نشر المآثر العلمية للإمام بجانب الأهداف القيمة التي يسعى المجمع لتحقيقها، تقبل الله جهودكم ووفقكم لما يحبه ويرضاه.

أ.د. محمد أبو الليث الخيرآبادي القاسمي، أستاذ قسم القرآن والسنة بالجامعة الإسلامية العالمية بماليزيا

أرحبكم بإصدار هذه المجلة التي نحن علماء المدارس الإسلامية عامة، وعلماء الجامعات العصرية خاصة، في أمس الحاجة إلى إصدار أمثالهامن المجلات العلمية المحكمة على المستوى الدولي، لنعرف ويعرف طلبتنا قيمة هذه المجلات، وليعرفوا أنها على أنواع محلية، دولية، دعوية وعلمية، وهذه كلها إما غير محكَّمة، ولها قيمتها ومكانتها على مستوى عامة الناس، وإما محكَّمة، ولها قيمتها ومكانتها في الأوساط العلمية والأمور الأكاديمية.

وإصدار مجلةٍ علميةٍ محكمةٍ أمنيةٌ قديمة كانت تراودنا منذ زمن قديم، وتحققت الآن ولو متأخرا، ولم تأت إرادة إصدارها من فراغ، وإنما جاءت عند من يملك ذوقا علميا تحقيقيا أكاديميا، ومن عنده إرادة حديدية قوية صلبة، تتكسر عليها الأوهام التشاؤمية، وتموت أمامها الخواطر التخاذلية، إن شاء الله.

وأنا حسب معرفتي الشخصية بالأخ الفاضل (الدكتور قريبا إن شاء الله) مولانا محمد شكيب القاسمي، أرى أنه خير من يتحمل مسؤولية رئاسة تحرير المجلة العظيمة، مع زميله الأخ الفاضل الكريم مولانامحمد نوشاد النوري القاسمي؛ لأنهما يملكان إرادة فولادية، وعزيمة حديدية إن شاء الله، بجانب تمتعهما بأهلية عظيمة لكتابة الافتتاحيات والمقالات، ولجمع المقالات من الشخصيات العلمية الكبيرة، في أنحاء العالم، فبالنظر إلى هذه الإمكانات الكبيرة، سوف تتحقق هذه الإرادة، وتستمر إن شاء الله كما تحققت أمنية جده حجة الإسلام مولانا محمد قاسم النانوتوي رحمه الله متمثلة في الجامعتين الشقيقتين: الجامعة الإسلامية دار العلوم ديوبند والجامعة الإسلامية دار العلوم وقف ديوبند، فكذلك تتحقق أمنية حفيده بل أحفاده هذه إن شاء الله.

وأنا أعدكم بتقديم كل ما يمكن لي تقديمه إلى المجلة من دعم مادي وقلمي وعلمي إن شاء الله تعالى.

أ.د. سعيد الرحمن الأعظمي، مدير دار العلوم ندوة العلماء لكناؤ، الهند

فقد استبشرت بإنشاء مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق بدارالعلوم وقف ديوبند، (الهند)، وهو عمل إيجابي عميق الجذور، بانتمائه إلى شخصية حجة الإسلام الإمام محمد قاسم النانوتوي مؤسس الجامعة الإسلامية دارالعلوم ديوبند، وقد رزقه الله تعالى شخصية عملاقة ذات محاور كثيرة من الفكر العميق والعلم الغزير، وتعددية المعارف والبصيرة النافذة، والدعوة إلى دين الله، وإفحام ممثلي الدين الكذابين من فئات القاديانية اللا دينية، وحملة لواء الخرافات والبدع وأعداء الإسلام من بقايا النصرانية واليهودية والديانات الباطلة.

سيتم بمشيئة الله –تعالى– بما أزمعتم عليه من إصدار مجلة محكمة بإسم«وحدة الأمة» تعريف أعمال الإمام الجليلة وخدماته الجبارة في ساحة الدعوة إلى الله وتغليب الحق ومعالم الشريعة الإسلامية على الأفكار الواهية والنظرات المادية الخرقاء.

لقد سبق أن كتبت كلمة وجيزة عن حياة الإمام وخدماته العظيمة في الجزء الأول عن كتابي «ساعة مع العارفين» ولعل فضيلتكم تعرفون ذلك من خلال المؤلفات والكتب التي ألفت حول هذه الشخصية وجلائل أعماله وخدماته.

يسرني أن أتقدم إليكم بالتهاني القلبية على هذه الخطوة الموفقة والدعاء الخالص لإزدهار المجلة وانتشارها في الخافقين، بالإسلام والسلام والدعوة والفكر الإسلامي بإذن الله–(وقل اعملوا فسير الله عملكم ورسوله والمؤمنون).

أ.د.خالد مرغوب أمين، أستاذ كلية الحديث الشريف بالجامعة الإسلامية المدينة المنورة، المملكة السعودية العربية

إن تأسيس مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق، عملية سارة مباركة، من حيث الهدف ومن حيث الإنتماء إلى الإمام النانوتوي، الذي كان– رحمه الله– آية في غيرة على الدين ونشر العلوم الدينية وإنقاذ المسلمين من حضيض الشرك والبدعة والجهالة. فلكم تهانينا وأمنياتنا.

أ.د. عابد الله غازي، رئيس مؤسسة "إقرأ" التعليمية العالمية بشكاغو، أمريكا

بلغنا نبأ تأسيس مجمع حجة الإسلام وإصدار مجلة عربية محكمة في الجامعة الشهيرة دار العلوم وقف ديوبند فتفاءلنا به خيرا، وظننا أن الأمر الهام صدر عن موطنه، فإن الاعتناء بالبحث العلمي حسب أساليبه العصرية حاجة كل داعية إسلامي يريد إقناع العالم بما يدينه من دين، ومن هذه الناحية تتمثل شخصية الإمام حجة الإسلام قدوة للجميع؛ حيث خدم الإسلام، وقطع الشكوك المثارة حوله بحجج قطعية أفحمت الخصوم، وإنا إذ نكتب هذه السطور نهنئ أخانا المحترم الأستاذ محمد سفيان القاسمي نائب رئيس الجامعة على ما اتخذه من خطوة شجاعة مباركة، داعين الله سبحانه أن يوفق القائمين على هذا المجمع والعاملين فيه لكل ما يحبه ويرضاه.

أ.د. سعود عالم القاسمي، عميد كلية الدراسات الإسلامية بجامعة مسلم عليجراه، الهند

إن هٰذه خطوة علمية مباركة جدا، خطوة كانت حريةً أن تبذل فيها العنايات قبل سنوات، انظروا كيف إن الناس ضخموا شخصياتهم العادية وألمعوا مآثرهم، أما علماؤنا الأعلام الذين كانوا في الفضل شموسا ساطعة وفي العلوم نجوما لامعة، فغابوا في غياهب السحب الداكنة، وهذا يعكس مدى إهمالنا هذا الجانب الرئيس الهام، ومن هنا نرفع كل آيات التهاني والتقدير إلى القائمين على مجمع حجة الاسلام.

والله الموفق والمعين.

أ.د. مسعود عالم الفلاحي، عميد قسم اللغة العربية، بجامعة خواجة معين الدين، لكناؤ، الهند

وأردنا مراراً منذ أن سمعنا هذا القرار التاريخي أن نهنئكم بهذا الإقدام العلمي المبارك؛ فإن المجلة المحكمة تحظى بقيمة اعتبارية كبيرة في الأوساط العلمية، تفتح الآفاق المعلوماتية الواسعة أمام قارئيها، وتمنحهم جدة وطرافة في كل علم وفن، ومن هنا تتضاعف مسئولياتكم وتتزايد أعباؤكم؛ لكنا نستبشر بخير؛ فأنتم أصحاب كفاءة وعلم وخبرة.

أ.د. اعظم القاسمي، أستاذ كلية الدراسات الإسلامية بجامعة مسلم عليجراه سابقا

إن الحاجة إلى إنشاء المجمع الذي يعمل في مجال البحث والتحقيق كانت حاجة ملحة تشعر بها الأوساط العلمية منذ مدة، فأشكر الله عزوجل على أنه حقق هذه الأمنية العزيزة بأيدي العلماء الجديرين بالقيام بهذه المهمة، وإن هذا المجمع سوف يعمل على نشر المآثر العلمية الجليلة للإمام محمد قاسم النانوتوي وتبليغها إلى العالم من أقصاه إلى أقصاه عبر التكنولوجية الحديثة وبأسلوب علمي محكم، أسأل الله –تعالى– لمدير المجمع وأصحابه التوفيق والسداد.

أ.د. شرف عالم قاسمي

وهذا قرار تاريخي لتطوير نطاق البحث العلمي ولتعميم الفائدة بين سكان الهند وخارجها.

حجۃ الاسلام اکیڈمی کے بارے میں
اکابر علماء کے تأثرات

محدث جلیل شیخ محی الدین العوامۃ، المدینۃ المنورۃ، سعودی عرب

حضرت امام حجۃ الاسلام محمد قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند ایک نابغہ روزگار شخصیت تھے، آپ کی ذات میں ایک عظیم مجدد کی تمام خصوصیات یکجا تھیں، دفاع دین فکر اسلامی کی حفاظت تحریک مدارس کی قیادت اور بدعات وغیرہ کے خاتمہ اور سنت کی اشاعت کے سلسلے میں آپ کی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں، حجۃ الاسلام اکیڈمی کے قیام سے ہمیں بہت خوشی ہوئی کیونکہ اکیڈمی کے پلیٹ فارم سے حضرت الامام کی عظیم علمی خدمات کا اچھا تعارف ہو سکے گا، اللہ آپ کی محنتوں کو قبول فرمائے۔

حضرت مولانا ڈاکٹر محمد أبوالليث الخيرآبادی القاسمی، استاذ شعبہ قرآن وسنت، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، ملیشیا

میں اس عربی مجلّہ کے آغاز پر مبارک باد پیش کرتا ہوں، علمائے مدارسِ اسلامیہ عام طور پر اور علمائے جامعاتِ اسلامیہ خاص طور پر اس قسم کے علمی اور محکمہ مجلّات کی عالمی سطح پر اشاعت کی سخت ضرورت محسوس کر رہے تھے، تاکہ ہم اور ہمارے طلبہ یہ جان سکیں کہ اس قسم کے مجلّات کی کیا اہمیت ہے اور مقامی و بین الاقوامی سطح پر شائع ہونے والے محکمہ اور غیر محکمہ مجلّوں میں کیا فرق ہے۔ ظاہر ہے کہ مجلّات محکّمہ کا علمی وتحقیقی حلقوں میں منفرد اور ممتاز مقام ہے۔ علمی وتحقیقی مجلہ محکّمہ کی اشاعت ایک ایسی ضرورت تھی جو دیر سے ہی سہی مگر اب پوری ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسے مجلّہ کی اشاعت کا ارادہ وہی کرتا ہے جو بحث وتحقیق کے ذوق کا حامل ہو، مجھے یقین ہے کہ ذمہ دارانِ اکیڈمی کے قوی عزائم اور آہنی ارادوں کے آگے رکاوٹیں دم توڑ دیں گی۔

حضرت مولانا ڈاکٹر سعید الرحمٰن الأعظمی، مہتمم دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، انڈیا

حجۃ الاسلام اکیڈمی کے قیام سے مجھے بہت خوشی ہوئی، حضرت نانوتویؒ ایک عظیم شخصیت کے مالک تھے اور انھیں علم وفن، فکر وادب، مناظرہ اور حاضر جوابی جیسے کئی اہم میدانوں میں ایک ساتھ اختصاص حاصل تھا۔ انھوں نے قادیانیوں کا کامیاب تعاقب کیا، پادریوں اور پنڈتوں کو دنداں شکن جوابات دئے، بدعات وخرافات کے پشت پناہوں کو اپنی حکمت وبصیرت سے راہِ سنت پر لا کھڑا کیا، مجھے امید ہے کہ حجۃ الاسلام اکیڈمی اور عربی مجلّہ ''وحدۃ الامۃ'' کے پلیٹ فارم سے حضرت کی عظیم خدمات کا تعارف ہو سکے گا۔

شیخ خالد مرغوب أمین، استاذ حدیث، جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، سعودی عرب

حجۃ الاسلام اکیڈمی کا قیام اپنے اہداف وانتساب دونوں حوالے سے انتہائی سرور افزا اور بابرکت ہے، حضرت نانوتویؒ علوم دینیہ کی اشاعت اور شرک وجہالت کے خاتمہ کی بے پناہ تڑپ رکھتے تھے، نیز اپنی غیرت ایمانی اور بے پناہ علمی صلاحیت کی وجہ سے روئے زمین پر خدا کی قدرت کا مظہر تھے۔

أهداف المجمع:

- الاضطلاع -دراسةً وتحقيقاً ونشراً- بعلوم وكتب الأئمة الذين جدد الله سبحانه على أيديهم دينه وسنة نبيه لاسيما شيخ الإسلام ابن تيمية ومسند الهند الشاه ولي الله الدهلوي؛ فكتب المجددين الأعلام نابضة بالحياة، وواضعة اليد على مواطن الضعف والخور في الأمة.
- شرح وتحقيق وتسهيل وتقريب وترجمة المآثر العلمية لدى علماء ديوبند، وجعلُها تلبي حاجات العصر، وتفي بمتطلبات الأمة.
- الاعتناء الخاص بعلوم الإمام حجة الإسلام محمد قاسم النانوتوي تحقيقاً وتخريجاً وتعليقاً.
- والصياغة الجديدة المفيدة لعلم الكلام في ضوء كتاباته؛ حيث قام الإمام بتشكيل علم الكلام الجديد، الأكثر تحقيقاً للهدف المؤمل منه، وجعل منه السلاح الأمضى لغلبة الإسلام، ولاتُعتبر ضلالات بعض المتكلمين وهفواتهم حجة على من استغلَّ علم الكلام في صالح الإسلام، علماً بأن الأدلة العقلية السليمة أفعل تأثيراً في النفوس، وأوسع نطاقاً وأكثر قطعاً لأدلة الخصوم.
- نشر المآثر العلمية لحكيم الإسلام المقرئ محمد طيب القاسمي الرئيس السابق للجامعة الإسلامية دارالعلوم ديوبند.
- تخريج وتحقيق ونشر النوادر العلمية القيمة والمخطوطات القديمة.
- تدريب الطلبة وإعداد الباحثين، وذلك عن طريق التوعية بأهمية البحث العلمي، وتوجيههم إلى الطريق الأمثل له.
- إصدار مجلة عربية محكمة باسم 'وحدة الأمة'، تُعنى بنشر الأبحاث الشرعية والأدبية المحكمة.
- نشر نشاطات الجامعة على الموقع الرسمي لها؛ ليتسنى للجميع الاطلاع المباشر على إنجازاتها.

جناب ڈاکٹر عابداللہ غازی صاحب، صدر ''اقرا'' ایجوکیشنل فاؤنڈیشن، شکاگو، امریکہ

اکیڈمی کے قیام کی خبر بڑی مسرت خیز اور بشارت انگیز رہی، کیوں کہ ہمارے مدارس میں اس طرح کے کاموں کی شدید ضرورت تھی، علمی تحقیق کے ذریعہ ہی غیروں کو اپنے دین وکلچر کے حوالے سے مطمئن کیا جاسکتا ہے، میں حضرت مولانا محمد سفیان صاحب کو اس اقدام پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

حضرت مولانا ڈاکٹر سعود عالم القاسمی صاحب، صدر شعبۂ دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا

یہ کام بہت پہلے ہوجانا چاہئے تھا، لوگوں نے ذروں کو آفتاب وماہتاب بنادیا اور ہماری عبقری شخصیات بادلوں میں گم ہوتی جارہی ہیں۔ یہ ایک قابل تحسین اقدام ہے، جس کے لئے میں ذمہ داران کو تہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب مولانا ڈاکٹر مسعود عالم الفلاحی صاحب، صدر شعبۂ عربی زبان وادب، خواجہ معین الدین چشتی یونیورسٹی، لکھنؤ

اس علمی اور مبارک اقدام کی خبر سے بے حد خوشی اور مسرت ہوئی؛ کیوں کہ مجلّات محکمہ کی علمی اور ادبی حلقوں میں بڑی اہمیت ہے، مجلّات محکمہ، اپنے قارئین کو علم اور تحقیق کے نئے گوشوں سے روشناس اور علم وفن کی نئی وادیوں سے متعارف کراتے ہیں، آپ حضرات پر بڑی ذمہ داریاں ہیں، لیکن مجھے قوی امید ہے کہ آپ حضرات اپنے علم، تجربہ اور حسن سلیقہ سے یہ ذمہ داری بخوبی انجام دیں گے۔

جناب ڈاکٹر اعظم القاسمی صاحب، سابق پروفیسر، مسلم علی گڑھ یونیورسٹی، انڈیا

میرے لئے مقام شکر ومسرت ہے کہ تحقیقی اکیڈمی بنام حجۃ الاسلام اکیڈمی علم وتحقیق کے شہسواروں کے ہاتھوں قائم ہوئی، یہ اکیڈمی علمی حلقوں کی اشد ضرورت تھی، جسے اللہ نے پورا دکھایا، میں امید کرتا ہوں کہ یہ اکیڈمی حجۃ الاسلام حضرت نانوتویؒ کے علمی کارناموں کی تسہیل وتخریج، نیز آپ کے افادات علمیہ کو جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعہ سے دنیا کے تمام گوشوں تک پہونچائے گی۔

حضرت مولانا ڈاکٹر شرف عالم صاحب قاسمی، پروفیسر شعبۂ عربی زبان وادب، مولانا آزاد یونیورسٹی حیدرآباد، انڈیا

ہندو بیرون ہند میں علمی تحقیق کا دائرہ عام کرنے کے حوالے سے یہ ایک تاریخ ساز فیصلہ ہے۔

مجمع حجة الإســلام كمايراه الأعلام

أ. د. محي الدين العوامة، المدينة المنورة، المملكة السعودية العربية

وبذلك استبشرنا بخيرعندما بلغنا نبأ إقامة مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق الذي يرمي إلى نشر المآثر العلمية للإمام بجانب الأهداف القيمة التي يسعى المجمع لتحقيقها، تقبل الله جهودكم ووفقكم لما يحبه ويرضاه.

أ.د. سعيد الرحمن الأعظمي، مدير دار العلوم ندوة العلماء لكناؤ، الهند

فقد استبشرت بإنشاء مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق بدارالعلوم وقف ديوبند، (الهند)، وهو عمل إيجابي عميق الجذور، بانتمائه إلى شخصية حجة الإسلام الإمام محمد قاسم النانوتوي مؤسس الجامعة الإسلامية دارالعلوم ديوبند.

أ.د. محمد أبو الليث الخيرآبادي القاسمي، أستاذ قسم القرآن والسنة بالجامعة الإسلامية العالمية بماليزيا

وإصدار مجلةٍ علميةٍ محكمةٍ أمنيةٌ قديمة كانت تراودنا منذ زمن قديم، وتحققت الآن ولو متأخرا، ولم تأت إرادة إصدارها من فراغ، وإنما جاءت عند من يملك ذوقا علميا تحقيقيا أكاديميا، ومن عنده إرادة حديدية قوية صلبة، تتكسر عليها الأوهام التشاؤمية، وتموت أمامها الخواطر التخاذلية، إن شاء الله.

أ.د. سعود عالم القاسمي، عميد كلية الدراسات الإسلامية بجامعة مسلم عليجراه، الهند

إن هٰذه خطوة علمية مباركة جدا، خطوة كانت حريةً أن تبذل فيها العنايات قبل سنوات، انظروا كيف إن الناس ضخموا شخصياتهم العادية وألمعوا مآثرهم، أما علماؤنا الأعلام الذين كانوا في الفضل شموسا ساطعة وفي العلوم نجوما لامعة، فغابوا في غياهب السحب الداكنة.

أ.د.خالد مرغوب أمين، أستاذ كلية الحديث الشريف بالجامعة الإسلامية المدينة المنورة، المملكة السعودية العربية

إن تأسيس مجمع حجة الإسلام للبحث والتحقيق، عملية سارة مباركة، من حيث الهدف ومن حيث الإنتماء إلى الإمام النانوتوي، الذي كان– رحمه الله– آية في غيرة على الدين ونشر العلوم الدينية وإنقاذ المسلمين من حضيض الشرك والبدعة والجهالة.

أ.د. عابد الله غازي، رئيس مؤسسة "إقرأ" التعليمية العالمية بشكاغو، أمريكا

بلغنا نبأ تأسيس مجمع حجة الإسلام وإصدار مجلة عربية محكمة في الجامعة الشهيرة دار العلوم وقف ديوبند، فتفاءلنا به خيرا، وظننا أن الأمر الهام صدر عن موطنه.

Ḥujjat al-Islām Academy

Al-jamia al-Islamia Darul Uloom Waqf, Deoband

Eidgah Road, P.O. Deoband-247554, Distt: Saharanpur U.P. India

Tel : + 91-1336-222352, Mob: + 91-9897076726

Website: www.dud.edu.in, www.darululoomwaqf.com

Email: hujjatulislamacademy@dud.edu.in, hujjatulislamacademy2013@gmail.com

suhail@pentone.in